# سکون کی تلاش افسانہ



## واجدہ تبسم گورکو

شادی کے کچھ سال بعد ہی اس نے میرے لئے چاروں طرف کے ماحول کو ویران کر کے رکھا تھا۔ میں اندر ہی اندر خاموشی کے کڑوے گھونٹ پی رہی تھی۔ مسئلہ ایک ہو تو سلجھایا جا سکتا ہے مگر جہاں کئی مسئلے کھڑے کئے گئے ہوں۔ وہاں گذارا کرنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن بھی ہو جاتا ہے۔ مجھے اپنے گھر والے کئی بار بول چکے تھے کہ اُنہیں میں اپنی مشکل بتاؤں تاکہ کوئی حل نکل آئے مگر میں نے انہیں بھی کبھی کچھ نہیں بتایا۔

پچھلے چار مہینوں سے میں، میں اب اپنے میکے میں ہی ہوں کیونکہ اس نے مجھ سے لڑائی جھگڑا کر کے گھر سے نکالا تھا۔ اب جس میرے اپنے نے میرے سامنے اپنا اعتماد کھو دیا تھا۔ اس کی بات میں اپنے گھر والوں کو بھی بتا نہ سکی۔ میں نے صرف اتنا فیصلہ لیا تھا کہ میں اسے کنارہ کش ہو جاؤں مگر پھر بھی نہ جانے کیوں کوئی آمید باقی تھی۔

پھر اسی آمید نے مجھے ایک دن اچانک چونکا دیا۔ وہ بہار کی طرح میری امیدوں اور امنگوں میں آبھر آیا۔ مجھ سے ملا۔ قسمیں کھائی۔ وعدے کئے کہ دوبارہ کبھی ایسا نہیں ہوگا۔ تب مجھے لگا کہ اس نے سب اگلا پچھلا، گیا گذرا، درگزر کیا ہوگا۔ میں نے بھی اپنے آپ کو سمجھایا۔ میرے خدشات بھی صحیح معنوں میں اس کے اپنانے سے دور ہو گئے۔ میں قیاس کر رہی تھی کہ شاید انسانوں کے بارے میں میری سوچ غلط ہے۔

اب میں مسئلوں میں پڑنا نہیں چاہتی تھی مگر ڈری، سہمی سہمی اور گھبرائی گھبرائی سی ضرور رہتی تھی۔ وہ بھی اس لئے کہ کہیں کسی بھول چوک سے ہمارے درمیان دوبارہ تلخیاں پیدا نہ ہوں۔ اس لئے میں ہر دم اپنے کام میں مصروف رہنے لگی، بہت خاموشی اور بڑی شرافت کے ساتھ، یہاں تک کہ اس نے اپنی کام والی بائی کی بھی چھٹی کر دی۔ اس طرح ہمارے لئے بھی سب کی چیخیں چلانا، گالی گلوچ کرنا اور برا بھلا وغیرہ کہنا تقریباً تقریباً بند ہو گیا۔

دن گزرتے گئے۔ اگلا پچھلا جو کچھ بھی ہوا تھا۔ وہ سب تلخیاں، لڑائی جھگڑے، بھول چوک، گالی گلوچ، طعنے، گلے شکوے، سب بھول چکی تھی اور سب کچھ صحیح صحیح ہو رہا تھا کہ اچانک جیسے پھر کسی کی نظر لگ گئی اور آہستہ آہستہ وہ اپنی اوقات پر پھر اتر آیا۔ اب میں وہی پہلے کی طرح خون کے آنسو پینے لگی۔ میں پہلے بھی زہر کے گھونٹ پی کر اپنا حوصلہ کھو بیٹھتی تھی اور آج بھی کچھ ایسا ہی ہوتا ہے۔ وہی حربے، وہی چڑچڑا پن اور وہی بے تکی حرکتیں استعمال کرنے لگا۔ جو میں پہلے بھی جیل چکی تھی۔

مگر میں غلط تھی؟۔ مجھے اسے معاف نہیں کرنا چاہئے تھا۔

میرے دل و دماغ نے مجھ سے ان گنت سوال کئے۔ مجھے صحیح معنوں میں لگا تھا کہ وہ میری بے کیف ہوئی زندگی میں خوشیوں کی بہار لائے گا۔ اب اسے انسانوں کو پرکھنے اور جانچنے کا حوصلہ آ گیا ہوگا۔ اسی لئے شاید اس نے مجھے بلا شرط و شروط اور یقین دلا دلا کے دوبارہ اپنایا ہوگا۔

مگر نہیں ----------؟ - وہ سدھر نہیں گیا تھا بلکہ پہلے سے زیادہ بُرا بن گیا تھا۔ بات بات پر چڑچڑاتا تھا۔ میں اس کی طرف دیکھ کر مسکرانے لگتی تھی۔ تو وہ تیوریں چڑا کر نظریں پھیر لیتا تھا۔ میں اس کے پاس آنے کی کوشش کرتی تھی۔ وہ دور بھاگتا تھا۔ میں جو بھی کام کرتی تھی۔ وہ اس میں کوئی نہ کوئی نقص نکال ہی لیتا تھا۔

پھر ایک دن ہوا کے ہلکے سے جھونکے کی طرح اس نے میرے لہراتے چمن کو ایسے اجھاڑا، ایسے اجھاڑا کہ میرا ویران چمن پھر کبھی ہرا نہ ہوا۔ اِس بار اُس نے مجھے گھر سے ہی نہیں بلکہ دل سے بھی نکال دیا۔

اس غم کی ایک لہر نے مجھے میرے ساتھ ہوئے وہ تمام گزرے حادثات، حالات اور واقعات سامنے لا کھڑا کئے اور میں نے سمجھ لیا کہ اب اسے سمجھانے، صلح کرنے یا معاف کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔ اس لئے میں نے اب طلاق کی عرضی عدالت میں پیش کی تاکہ میں اپنی مشکلیں کم کر کے کچھ سکون حاصل کر سکوں مگر یہاں بھی تاریخ پہ تاریخ مل رہی ہے۔ شاید سکون نام کی چیز میری قسمت میں ہی نہیں ہے اور یہ وہی بات ہوئی۔ بقول شاعرؔ

کار جہاں دراز ہے اب میرا انتظار کر۔

# نظم آشنا

افسانہ

## غیصہ شاہ
### بمنہ سرینگر

کئی ستارے وجود میں ہیں
نہ جانے کتنوں سے ہم نا آشنا ہیں
ایک مہتاب بھی وجود میں ہے
نہ جانے اس کی کس بات سے ہم نا آشنا ہیں
بعض کو محبت کے فراق کا دکھ ہے
بعض کو مشکلوں کے سراغ کا دکھ ہے
کچھ لوگ علاؤالدین کے چراغ کی تلاش میں نکلے
تو کچھ لوگ فراغ کی تلاش میں نکلے
چاہے کسی چیز کو جتنا بھی بھر کر دیکھ لو
کچھ نہ کچھ پھر بھی جانا رہ جاتا ہے
معلوم ہے کہ دنیا عارضی ہے
لیکن ہمارا کب تک؟
اس چیز سے بھی نا آشنا ہیں
معلوم ہے کہ وقت کیا ہے
لیکن ہمارا کب تک؟
اس چیز سے بھی نا آشنا ہیں
ربِّ زدنی علماً کو کہتے ہیں
لیکن پھر بھی کچھ نہ کچھ نہ پاتے ہیں
گویا اُس علیم کے جتنا کون ہی آشنا ہے
نہ تم ہو، نہ غیصہ شاہ آشنا ہے

# مکافات عمل

افسانہ

## انیسا گلزار اروانی

بہت دیر تک دونوں میں لمبی باتیں چلتی، وہ اپنا حال سناتی اور یہ اپنا دونوں میں گہری دوستی نہیں تھی. لیکن ایک دوسرے سے باتیں کرنا اچھا معلوم ہوتا، دونوں ایک دوسرے کے حال سے بالکل بے خبر تھے. بس یہاں وہاں کی باتیں، اپنی ذاتی زندگی کے واقعات کبھی ایک دوسرے سے شیر نہیں کیے. اب دونوں کے درمیان کچھ بھی پہلا جیسا نہیں رہا، کیونکہ زویا کی نیت میں کھوٹ تھا، اور یہ بات سارہ کو تب اندازہ ہوا جب زویا کا رشتہ پکا ہو گیا، اور سارہ کو اس بات کی خبر بھی اپنی ماں سے موصول ہوئی. آج کیوں زویا نے اپنے اس ارادہ کے بارے میں مجھے مطلع نہیں کیا، میں آخر اس کی سہیلی تھی. وہ ماں سے غصے میں بڑبڑائی....

ارے بیٹا مجھے بھی اس کی ماں نے فون پر ہی اطلاع دی، کہہ رہی تھی کہ لڑکے والے زبردستی کر رہے تھے کہ نہیں ہمیں زویا بہت پسند ہے. اسلئے رشتہ پکا ہو گیا. نہیں اماں ویسے بھی یہ کوئی زبردستی تھوڑی ہے، رشتوں کو مکمل وقت دینے کی ضرورت ہوتی ہے. ایسے کوئی بھی آئے گا اور اسے اپنی بیٹی اسے سونپ دے. آخر زویا جیسی ہونہار اور قابل ترین لڑکی م بلا آج کل کے زمانے میں کہاں ملتی ہے. ارے سارہ کیوں اتنی بحث کر رہی ہو، تمہاری بات بالکل صحیح ہے، لیکن جب میاں بیوی راضی تو کیا کرے گا قاضی.... مطلب اماں زویا نے بھی ہاں کر دی، نہیں، نہیں اسے آگے پڑھائی کرنی ہے، وہ نہیں مانے گی، مجھے اس پر پورا بھروسہ ہے. کیوں اپنا دماغ کھپا رہی ہو بس ہو گئی زویا کی پڑھائی..... گریجویشن کیا کم ہے.

سارہ گہری سوچ میں پڑھ گئی آخر کیوں زویا نے ہاں کر دی اور ایسا بھی کیا خاص ہے لڑکا، کل زویا سے ملوں گی. اور بتاوگی..... ہاں ٹھیک ہیں

اس نے شام کو زویا کو مبارک بادی کا مسیج کیا. میرے لیے دعا کرنا سارہ... اس نے جلدی ہی بات کاٹ دی.. ٹھیک ہے زویا... اللہ حافظ.

اتوار کو سارہ اور اس کی ماں زویا کے گھر گیے، مبارکبادی اور مٹھائیاں بھی دی. جونہی سارہ نے زویا کو الگ دیکھا تو کہاں کہ، زویا آگے پڑھائی نہیں کرنی اور یہ اچانک سے رشتہ آنا اور تم نے ہاں کر دی...

ہاں!!! ہاں میں تو بہت خوش ہوں، مجھے یہ رشتہ منظور ہے، عامر بہت اچھا ہے، میں اسے بچپن سے جانتی ہو... ٹھیک ہے.. لیکن بات کی تم سے اس سے، کیونکہ بچپن کی بات الگ تھی. اور اب کی بات الگ ہے. یہ تمہاری زندگی کا اہم فیصلہ ہے. سوچ لو زویا... ارے اس میں سوچنا کیا ہے. ابوجان نے اسے مسجد میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے. وہ پانچ وقت کا نمازی ہے. ابوجان نے آزمایا ہے. ارے دیکھ زویا شادی تجھے کرنی ہے، تجھے آزمانا ہے، بات کر لے کوئی گناہ نہیں ہے. نہیں نہیں.. سارہ شکر الحمد اللہ... میرا رشتہ جلدی پکا ہو گیا. اب اس میں دیکھنے کی کیا ضرورت ہے.

سارہ کی آنکھیں ایک گہری سوچ میں پڑھ گئی.

یہ لڑکی ہے یا طوفان، اسے اپنی کوئی فکر نہیں، زندگی اسے گزارنی ہے یا اس کے ابوجان کو؟

وقت گزرتا گیا اب زویا کا رجحان سارہ کے تیئیں بالکل ہی الگ تھا. اب آپس میں دونوں کا میل جول بھی کم ہوتا گیا. اور سارہ کو بھی سب کچھ سمجھ میں آنے لگا تھا.

منگنی ہوئی، شادی ہوئی، سارہ کا دل اداس تھا، لیکن اسے شادی میں شرکت کرنا پڑی. اس نے زویا کو دل سے الوداعی دعائیں دی. زویا نے سارہ سے کہاں کہ، اب تم لوگوں کو بھی رشتہ دیکھ لینا چاہیے. سارہ نے فقط اتنا جواب دیا... ہاں دیکھے گے، لیکن ہم جلد بازی نہیں کرے گے. ہم رشتوں کو وقت دے گے. انشاء اللہ ہماری بھی شادی ہو جائے گی.

زویا نے بہت ہی تلخ لہجے میں بات کا جواب دیا... ان شاء اللہ ضرور ہوگی.

وقت بہت تیزی سے گزرتا گیا. زویا اور سارہ اب سہیلیاں نہیں رہی. کیونکہ وقت نے زویا کا دماغ بھی کافی تیز کر دیا تھا. وہ کپڑے، گہنوں میں اتنا مگن ہو گئی کہ اسے سارہ کا خیال بھی نہیں آیا.

اچانک شادی کے چار مہینے بعد زویا کی امی کا فون آیا اور سارہ کو خبر ملی کہ، رشتہ ٹوٹ گیا ہے، زویا بھی گھر لوٹ آئی ہے. وہ سب کپڑے اور گہنے وہی چھوڑ کر.

سارہ کو یہ خبر سن کر وہی کیفیت طاری ہو گئی جو اسے اس وقت طاری ہوئی تھی، جب اس نے سنا تھا کہ، زویا کا رشتہ پکا ہو گیا. وہ بت کی مورت کی طرح ششدر ہو کر رہ گئی، اور اسے زویا کے مقدر کی لکیریں بکھری ہوئی معلوم ہوئی۔ وہاں زویا بھی آج ساکت کھڑی یہ سوچ رہی تھی کہ کاش اس نے سارہ کے اخلاص کی قدر کی ہوتی، کیونکہ مقدر چھیننے سے نہیں، بلکہ بانٹنے اور دعا دینے سے بنتے ہیں.

مکافات عمل ہے یہ، یہاں سب کچھ پلٹتا ہے

جو بوو گے وہی کاٹو گے، یہی قدرت کا حصہ ہے

کسی کا دل دکھا کر تم، بھلا کیسے جی پاو گے

جو رشتہ تم نے چنا تھا، وہی سے ٹھوکر تم کھاو گے۔

نوٹ: صفحہ ادب ہر جمعرات کو وادی کے معروف جواں سال ادیب سہیل سالم کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ ان کے ساتھ salimsuhail3@gmail.com پر رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے

بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

روزنامہ آفاق سرینگر
Daily AFAAQ Srinagar
جمعرات ۳۰ اپریل ۲۰۲۶ء بمطابق ۱۲ ذی العقدہ ۱۴۴۷ھ

## (اقوال ذریں)

خاموشی میں کبھی کبھی وہ جواب ہوتا ہے
جو ہزار لفظ نہیں دے سکتے۔ شیخ فخر الدین عراقی

## نوجوانوں کے خوابوں کا استحصال

جموں وکشمیر میں نوکری کا جھانسہ دیکر نوجوانوں کو لوٹنے کا سلسلہ جاری ہے ۔اس ضمن میں مختلف کنسلٹنسیوں کا رول مشکوک دکھائی دے رہا ہے۔ پولیس نے آج ایک اور جاب کنسلٹنسی کے خلاف کیس درج کیا ہے جس نے ایک مقامی نوجوان کو روشن مستقبل کے خواب دکھا کر بیرونِ ملک ملازمت کا جھانسہ دیا۔ لیکن منزل پر پہنچتے ہی حقیقت کچھ اور ہی نکلی وہ سیدھا کمبوڈیا میں انسانی اسمگلروں کے ہتھے چڑھ گیا۔ یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں۔ اس سے پہلے بھی درجنوں نوجوان عرب ممالک میں پُرکشش تنخواہوں اور بہترین سہولیات کے نام پر بھیجے گئے اور وہاں پہنچ کر انہیں نہ صرف اپنے خوب چکنا چور ہو گئے بلکہ بعض کو انتہائی اذیت ناک حالات کا سامنا بھی کرنا پڑا۔

یہ واقعات نہ صرف سماجی طور پر المناک ہیں بلکہ ہمارے انتظامی ڈھانچے کے کمزور پہلو بھی بے نقاب کرتے ہیں۔ کشمیری نوجوانوں کا استحصال ایک نیا رخ لے چکا ہے اب ان کے جذبوں اور ضرورتوں کو ہتھیار بنا کر انہیں بین الاقوامی سطح پر انسانی اسمگلنگ کے جال میں پھنسایا جا رہا ہے۔

کشمیری نوجوان بے روزگاری اور محدود مواقع کے سبب بیرونِ ملک ملازمتوں کو اپنی کامیابی کا واحد ذریعہ سمجھ رہے ہیں۔ یہی کمزوری کئی جاب کنسلٹنسیوں کا کاروباری ایندھن بن چکی ہے۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ جعلی آفر فارم اور غیر قانونی ویزوں کا سہارا لیا جاتا ہے، لاکھوں روپے بطور پروسسنگ فیس وصول کرتی ہیں، اور نوجوان کو ایک ایسی منزل کی طرف روانہ کیا جاتا ہے جس کا وجود اکثر کاغذوں تک بھی نہیں ہوتا۔

نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نوجوان یا تو غیر قانونی حالات میں پھنس جاتا ہے، یا ایسے حالات میں جب پاسپورٹ ضبط کر لیا جاتا ہے، تنخواہ نہیں دی جاتی، یا انسانوں کی خرید و فروخت کرنے والے نیٹ ورک ان پر قابو پا لیتے ہیں۔ اس صورتحال سے محض نوجوان ہی نہیں، ان کے خاندان بھی شدید صدمے سے گزرتے ہیں۔ کئی والدین اپنی جمع پونجی، زیورات یا قرض لے کر بچوں کی پروسیسنگ فیس ادا کرتے ہیں۔ لیکن جب حقیقت کھلتی ہے تو انہیں مایوسی ہوتی ہے مہینوں تک بچوں کا کوئی اتا پتا نہیں ہوتا، اور بعض اوقات واپسی کے اخراجات بھی اہلِ خانہ کو ہی برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ اس طرح ایک جعلی کنسلٹنسی نہ صرف ایک گھر کا مستقبل تباہ کرتی ہے بلکہ پورے سماج میں بے یقینی اور خوف کی فضا پیدا کرتی ہے۔

تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ کئی کنسلٹنسی ایجنسیوں کے روابط بیرونِ ملک موجود ایسے گروہوں سے ہوتے ہیں جو کم تعلیم یافتہ یا مالی طور پر کمزور نوجوانوں کو ٹارگٹ کرتے ہیں۔ ان گروہوں کے طور طریقے انتہائی منظم ہوتے ہیں: پہلے نوجوان کو ایک خواب دیا جاتا ہے، پھر اس خواب کی قیمت وصول کی جاتی ہے، اور اس کے بعد نوجوان کو ایک ایسے ملک پہنچا دیا جاتا ہے جہاں نہ زبان آتی ہے نہ قانون ساتھ دیتا ہے، نتیجے کے طور پر وہ اسمگلنگ، جبری مشقت، یا مجرمانہ حلقوں کے رحم و کرم پر ہوتا ہے۔ کچھ نوجوان تو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کے باعث جیلوں میں بھی بند ہو جاتے ہیں یہ وہ انجام ہے جو انہوں نے کبھی سوچا بھی نہیں ہوتا۔

سوال یہ ہے کہ یہ ایجنسیاں برسوں سے بنا کسی روک ٹوک سے کیسے کام کر رہی ہیں؟ اس کی تحقیقات کرنے کی ضرورت ہے۔ فوری طور سے ان کی رجسٹریشن، ان کے کام کرنے کے طریقہ کار اور ان کے روابط کی تفصیلات جمع کی جانی چاہیے ۔تمام جاب کنسلٹنسیوں کا ہر سہ ماہی ان کا آڈٹ کیا جائے۔ سوشل میڈیا پر اپ لوڈ ہونے والے غیر مصدقہ اشتہارات کے خلاف کارروائی کی جائے۔ ساتھ ہی جو بھی کنسلٹنسی نوجوانوں کے استحصال کرنے میں ملوث پائی جائے اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ حکومت اس مسئلے پر سنجیدگی کیساتھ اقدام اٹھائے تاکہ یہ غیر قانونی کاروبار ہمیشہ کے لیے دفن ہو سکے۔ جب تک جاب کنسلٹنسیوں کے نام پر دھوکہ دہی کا یہ سلسلہ ختم نہیں ہو جاتا، تب تک ہمارے نوجوانوں کے خواب خطرے میں رہیں گے

## سرینگر جموں کے درمیان براہ راست ریل رابطہ
## وندے بھارت کا آغاز ایک سنہرے دور کی شروعات

(پریس انفارمیشن بیورو آف انڈیا)

ریلوے کے مرکزی وزیر جناب اشونی ویشنو آج جموں توی ریلوے اسٹیشن سے توسیع شدہ سری نگر-کٹرہ وندے بھارت ایکسپریس سروس کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ یہ ٹرین، جو پہلے سری نگر سے شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ تک چلتی تھی، اب جموں توی تک چلے گی، جس سے ملک کی جدید ترین ٹرین براہ راست جموں وکشمیر کے سب سے بڑے شہر اور ریلوے مرکز تک پہنچے گی۔ جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد، مرکزی وزیر بعد میں اودھم پور-سری نگر-بارہمولہ ریل لنک (یو ایس بی آر ایل) پر قابل ذکر دو انجینئرنگ ڈھانچوں، انجی پل اور چیناب پل کا معائنہ کریں گے۔ جب وزیر اعظم نریندر مودی نے 6 جون، 2025ء کو کٹرہ-سری نگر وندے بھارت ایکسپریس کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا تھا تو یہ ٹرین 8 کوچ کے ساتھ چلائی گئی تھی۔ تب سے یہ ٹرین مسافروں کے زبردست ردعمل کے ساتھ مسلسل پوری صلاحیت کے ساتھ چل رہی ہے۔ یہ ایک قدم ٹرین کے بیٹھنے کی گنجائش کو دوگنا کرنے سے زیادہ اور ریزرویشن اور ویٹ لسٹ پر دباؤ کو نمایاں طور پر کم کرتا ہے، خاص طور پر یاترا کے مصروف ترین دنوں اور سیاحتی موسموں کے دوران ریک کو 20 کوچ تک بڑھانے کا فیصلہ، اس مطالبے کا براہ راست جواب ہے۔ ان یاتریوں کے لیے، جنہوں نے اپنی سیٹیں کئی روز پہلے ہی بک کر لی تھیں، اُن سیاحوں کے لیے جو وادی کے سفر کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں اور اُن مقامی افراد کے لیے، جو روزمرہ آمدورفت کے لیے اس سروس پر انحصار کرتے ہیں، توسیع شدہ ریک کا مطلب یہ ہے کہ اب ٹرین میں سیٹ نہ ملنے کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہو گئے ہیں۔ جموں-توی تک بیک وقت توسیع کے ساتھ، 20 کوچ پر مشتمل وندے بھارت اب اپنے سب سے بڑے وادی کے شہر تک پہنچ رہی ہے، جہاں کی مانگ اس کی بڑھتی ہوئی گنجائش کے عین مطابق ہے۔ یوں بالآخر ایک ایسی ٹرین سامنے آئی ہے، جو اس مانگ کے پیمانے پر پوری اترتی ہے، جس نے اسے ہمیشہ متحرک رکھا ہے۔ جبکہ کل ریل گاڑی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنا اس کو آزمائشی طور پر چلانا ہے، توسیع شدہ جموں توی-سری نگر وندے بھارت ایکسپریس 2 مئی، 2026ء سے باقاعدہ اپنی خدمات انجام دے گی۔ اس کاریڈور کے ذریعے دو ریل گاڑیاں اپنی خدمات فراہم کرائیں گی، جو تقریباً 266 کلومیٹر کا فاصلہ طے کریں گی۔ پہلی سروس (ٹرین نمبر 26401) صبح 20:6 بجے جموں توی سے روانہ ہوگی، شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ، ریاسی اور بنی ہال پر رکتی ہوئی صبح 10:11 بجے سری نگر پہنچے گی، جس کا سفر چار گھنٹے اور پچاس منٹ کا ہوگا۔ اس کی واپسی (ٹرین نمبر 26402) سری نگر سے دوپہر 2:00 بجے روانہ ہو کر شام 50:6 بجے جموں توی پہنچے گی۔ یہ ریل گاڑی منگل کے علاوہ ہفتے میں چھ دن چلے گی۔ دوسری سروس (ٹرین نمبر 26404) صبح 00:8 بجے سری نگر سے روانہ ہو کر بنیہال اور کٹرہ میں رکتے ہوئے دوپہر 40:12 بجے جموں توی پہنچے گی۔ اس کی واپسی (ٹرین نمبر 26403) جموں توی سے دوپہر 20:1 بجے روانہ ہو کر شام 00:6 بجے سری نگر پہنچے گی۔ یہ ریل گاڑی بدھ کے علاوہ ہفتے میں چھ دن چلے گی۔ یہ دونوں ریل گاڑیاں مل کر اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ مسافروں کو ہفتے کے بیشتر دنوں میں کاریڈور کے دونوں جانب سے صبح اور دوپہر وندے بھارت کا متبادل دستیاب ہو، جس سے سفر کی منصوبہ بندی میں بامعنی لچک پیدا ہو سکے گی۔ کٹرہ سے جموں توی تک وندے بھارت کی توسیع، پورے جموں و کشمیر خطے میں عام مسافروں کے لیے ایک سادہ مگر نتیجہ خیز تبدیلی ہے۔ اب تک دلی، ممبئی اور اس سے آگے کی ٹرینوں کو جوڑنے والے جموں توی ریلوے اسٹیشن، جو شمالی بھارت کے مصروف ترین ریل ہیڈز میں سے ایک ہے، اس پر پہنچنے والے یاتریوں اور مسافروں کو کٹرہ پہنچنے کے لیے ٹرینیں تبدیل کرنی پڑتی تھیں یا علیحدہ سڑک ٹرانسپورٹ کا انتظام کرنا پڑتا تھا۔ توسیع کے بعد وہ جموں توی پر براہِ راست وندے بھارت پر سوار ہو کر کٹرہ میں ویشنو دیوی بیس کیمپ تک پہنچ سکیں گے اور سفر کے وسیلے کو تبدیل کئے بغیر سری نگر تک سفر کر سکیں گے۔ وہی ہموار سفر دوسری سمت میں بھی ممکن ہوگا۔ سری نگر سے سفر کرنے والا مسافر اب سیدھے قومی ریل نیٹ ورک سے جڑتے ہوئے ایک ہی، مربوط سفر میں جموں توی پہنچ سکے گا۔

یاترا: ایک پوتر سفر، اب پہلے سے زیادہ آسان

لاکھوں عقیدت مندوں کے لیے، جو ہر سال شری ماتا ویشنو دیوی کا آشیرواد حاصل کرنے کے لیے سفر کرتے ہیں، یہ توسیع کٹرہ میں ایک مستقل تکلیف دہ سفر اور لازمی تبادلے کو ختم کرتی ہے۔ اب تک یاتری کو کٹرہ میں اتر کر آگے کے سفر کے لیے علیحدہ وندے بھارت پر سوار ہونا پڑتا تھا یا اس کے برعکس۔ یہ وقفہ اب ختم ہو گیا ہے۔ اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ ہے کہ کٹرہ میں ویشنو دیوی کے درشن کو امرناتھ یاترا کے ساتھ جوڑنے والے یاتریوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے لیے، جنہیں سری نگر سے پہلگام اور بالتل کے بیس کیمپوں تک رسائی حاصل ہوتی ہے، جموں و کشمیر کا پورا یاتری سرکٹ اب ٹرین کی تبدیلی، اضافی ریزرویشن یا سفر چھوٹ جانے کی پریشانی کے بغیر ایک ہی مربوط ریل سفر میں ممکن ہو گیا ہے۔

جموں، کٹرہ، ریاسی اور وادی کشمیر کے رہائشیوں کے لیے یہ توسیع ایک دیرینہ مشکل کا حل ہے۔ سری نگر سے جموں تعلیم کے لیے جانے والے طالب علم، جموں وکشمیر کے دو دارالحکومتوں کے درمیان سفر کرنے والے سرکاری ملازمین، یا جموں کے اسپتال جانے والے مریض، سب کو پہلے کٹرہ میں سفر روک کر آگے کا انتظام کرنا پڑتا تھا۔ وہ مرحلہ اب ختم ہو گیا ہے۔

یہ تبدیلی، خاص طور پر سردیوں میں اہم ہے، جب شدید برف باری جموں-سری نگر قومی شاہراہ کو کئی دنوں تک بند کر دیتی ہے۔ ریلوے کاریڈور، اس دوران ایک لائف لائن بن جاتا ہے۔ وندے بھارت، جو جدید حرارتی نظام، گرم ونڈ شیلڈز اور تمام موسمی خصوصیات کے ساتھ منفی 20 ڈگری سینٹی گریڈ تک کے درجہ حرارت میں چلنے کے لیے تیار ہے، وادی اور ملک کے باقی حصوں کے درمیان ایک قابلِ اعتماد اور محفوظ رابطہ فراہم کرے گی۔

تاجر، کاریگر، کاروباری افراد: تیز رفتار تجارت

کشمیر کی معیشت اس کے دستکاری، پشمینہ شالوں، اخروٹ کی لکڑی کی نقاشی، ہاتھ سے بنے قالینوں اور زعفران پر منحصر ہے، جو ملک اور دنیا بھر میں خریداروں تک پہنچتے ہیں۔ وادی کے کاریگر اور تاجر طویل عرصے سے جموں اور سری نگر کے درمیان نقل وحمل کی لاگت اور غیر یقینی صورتحال سے دوچار رہے ہیں۔ ایک تیز، زیادہ قابلِ اعتماد اور کم لاگت ریل رابطہ براہِ راست کاروبار کے وقت اور اخراجات کو کم کرتا ہے۔

جموں میں تجارتی میلے کے لیے جانے والا کشمیری کاریگر، وادی سے پھلوں کی ترسیل کرنے والا برآمد کنندہ، یا سری نگر سے دستکاری حاصل کرنے والا جموں کا تاجر، ہر ایک کے لیے وندے بھارت کی توسیع شدہ سروس کاروباری معاشیات میں واضح بہتری لائے گی۔ یہ رابطہ چھوٹے تاجروں اور کاروباری افراد کے لیے بھی نئے مواقع پیدا کرتا ہے، جن کے لیے یہ سفر پہلے دشوار تھا۔

راستے کے اہم درمیانی اسٹیشنوں پر بھی بہتر رابطہ قائم ہوگا، جس سے ان قصبوں کے کاروبار اور برادریوں کو بغیر ٹرین تبدیل کیے جموں اور سری نگر دونوں تک براہِ راست رسائی حاصل ہوگی۔

انجی اور چناب: جہاں ہمالیہ میں انجینئرنگ کی بہترین دیکھنے کو ملتی ہے

اپنے دورے کے دوران، مرکزی وزیر انجی کھڈ پل کا معائنہ کریں گے، جو بھارت کا پہلا کیبل پر قائم ریلوے پل ہے، جو دریائے انجی کی وادی سے 331 میٹر کی بلندی پر واقع ہے اور 96 بلند تناؤ والی کیبلز کے ذریعے مضبوطی سے جڑا ہوا ہے۔ وہ دریائے چناب پر قائم چناب ریلوے پل کا بھی معائنہ کریں گے، جو 359 میٹر کی بلندی پر دنیا کا سب سے اونچا ریلوے آرک پل ہے اور ایفل ٹاور سے بھی بلند ہے۔ یہ دونوں ڈھانچے یو ایس بی آر ایل کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، ہمالیہ کے اندر سے گزرتا ہوا 272 کلومیٹر طویل منصوبہ، جو اب اس توسیعی وندے بھارت سروس کو ممکن بناتا ہے۔

جموں وکشمیر میں ریلوے کی یکسر تبدیلی کی ایک دہائی

وندے بھارت کی جموں توی تک توسیع جموں وکشمیر میں ریلوے رابطے کی تبدیلی کے ایک دہائی پر محیط سفر میں تازہ ترین سنگ میل ہے۔ ادھم پور-کٹرہ سیکشن 2014ء میں شروع کیا گیا تھا۔ وادی کشمیر میں فروری، 2024ء میں پہلی الیکٹرک ٹرین کا آغاز ہوا۔ جنوری، 2025ء میں جموں کا ایک علیحدہ ریلوے ڈویژن قائم کیا گیا۔ امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت جموں توی، کٹرہ، اودھم پور اور بڈگام اسٹیشنوں کی دوبارہ تعمیر و ترقی جاری ہے۔ یو ایس بی آر ایل، جو 43,780 کروڑ روپے کی لاگت سے 272 کلومیٹر پر محیط ہے، 36 سرنگوں اور 943 پلوں پر مشتمل ہے۔ یہ وہ بنیادی رابطہ ہے، جو اس پورے نظام کو مربوط کرتا ہے۔

گزشتہ سال، جب وزیر اعظم نریندر مودی نے، اس کاریڈور پر پہلی وندے بھارت کو روانہ کیا تھا، وہ ایک تاریخی لمحہ تھا۔ جموں توی تک حالیہ توسیع اسی تاریخ کو آگے بڑھاتی ہے اور اس کے فوائد کو مزید وسیع پیمانے پر پہنچاتی ہے۔



## انشائیہ: کوچہ یار

عبدالرشید خان
چھانہ پورہ سرینگر

اگر چہ اج کل کے زمانے میں کوچہ یار ایک لمبی چوڑی high way میں تبدیل ہو چکا ہے تاہم پھر بھی اس موضوع کو تاریخی حیثیت حاصل ہے، کوچہ یار نے نہ جانے کتنے مجنوں اور فرہادوں کو دیوانہ بنا کر دنیا اور مافیا سے دور کر دیا اور در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور کیا، جوں ہی ہم کوچہ اور پھر یار کا نام سنتے ہیں تو وہ ساری پرانی یادیں تازہ ہو جاتی ہیں، وہ مظالم اور صدمات ذہن کے نہاں خانوں میں تلاطم اور شور محشر برپا کرنے کے لئے کمر بستہ ہو جاتے ہیں جنکو زمانے کی تیز رفتار تبدیلیوں نے دبایا ہوتا ہے، ظاہر ہے کہ یہ موضوع پرانے زخمیوں کو کھرچنے اور پے زخموں پر نمک پاشی کرنے کا کام کرتا ہے، دل کا سکون اور دماغ کی تازگی چھین لینے والا موضوع،

جب کبھی مجھے کھانے پینے سے فرصت ملتی ہے میں ان کوچوں کی سیر کے لیے جاتا ہوں جہاں صرف یار ہی یار رہتے ہوں، اسلیے کہ دنیا کی کوئی بھی شے چاہے کتنی خوبصورت اور پر رونق کیوں نہ ہوان کوچوں سے زیادہ پر کشش اور دلکش نہیں ہو سکتی، دنیا کی ہر زبان وادب میں کوچہ یار کو خاص اہمیت حاصل ہے، نہ صرف آج بلکہ ابتدا سے، ہر زمانے میں اور ہر جگہ یہی دستور رہا ہے کہ یار صرف کوچوں میں رہیں، چاچا غالب کو لیجیے وہ بھی اپنے یار کو ان ہی کوچوں میں ڈھونڈھتا ہے (یاد رہے غالب کے کبھی یار تھے) کبھی رقیبوں سے مار کھا کر اور اکثر کتوں سے لڑتے لڑتے وصل کا مزا پاتے تھے، عاشقوں کی تاریخ میں شاید ہمارے یوسف شاہ چک واحد شخص ہیں جنکا یار کوچے کے بجائے سر سبز لہلاتے ہوئے زعفران زاروں میں دکھائی دیتا ہے، آخیر کیا وجہ ہے؟ کیا ان تنگ و تاریک کوچوں کے سوا ان پری زادوں کو رہنے کے لیے اس وسیع و عریض دنیا میں اور کوئی جگہ نہیں ملتی؟ شاید اس لیے کہ انہیں کوئی دیکھ نہ پائے، لیکن انہیں معلوم نہیں کہ عاشق لوگ "جہاں جاپیے گا ہمیں پایے گا" کے کار بند ہیں، وہ لوگ اس قدر نظر باز اور دوربین ہوا کرتے ہیں کہ ایک ہی نظر میں ایسا حتمی انتخاب کرتے ہیں جو صدیوں کیا رہتی دنیا تک یادگار رہتا ہے، اگر یار کوچوں کو چھوڑ کر ویرانوں میں بھی چلے جائیں گے، نظر باز لوگ وہاں بھی پہنچ جایں گے، اسلے یاروں کو مشورہ دیتا ہوں کہ وہ ان کوچوں سے نکل کر خوبصورت باغوں، سرسبز میدانوں، کوہساروں اور آبشاروں کے نزدیک رہنے کا انتظام کریں، اسکے بہت سارے فایدے ہیں وہ مقناطیسی کشش جو ہر ذی روح کو ہزاروں میل دور سے اپنی طرف کھینچ کر لاتی ہے، اور زیادہ بڑھ جانے کا احتمال ہے

سچ پوچھو تو مجنون کے نجد اور کوچہ یار میں کوئی نمایاں فرق تو نہیں اسی صحرا کی طرح یہ کوچے بھی دن کی روشنی میں روشن نہیں ہوا کرتے، عام آدمی کو ان کوچوں میں چلنے سے ڈر لگتا ہے ہر طرف یاس و حرماں کا عالم، اور ہاں یار کی ایک جھلک سے امید کی کرن جھاگ اٹھتی ہے، لیکن پھر بھی بارش ہو یا برف، آندھی ہو یا طوفان ان کوچوں میں ضرور کوئی نہ کوئی فرہاد موجود رہتا ہے اندر شرین کسی دوسرے مجنوں کے ساتھ فون پر مزے لے رہی ہے اور باہر کوچے میں فرہاد رقیبوں کے بجائے کتوں کے ساتھ دست و گریباں (یاد رہے رقیب اور کتے دونوں ایک ہی طبعیت کے مالک ہوتے ہیں دونوں کو عاشقوں سے ازلی دشمنی ہے اور دونوں کو عاشق لوگ ایک آنکھ نہیں بھاتے) اور ہاں جب باہر کے حالات قابو سے باہر ہوتے ہیں تو بیچارہ عاشق بیہوش ہو کر گر پڑتا ہے اور دوسرے روز ہوش میں آ کر خود کو چوری کے الزام میں نزدیکی پولیس اسٹیشن میں پاتا ہے،

اکثر اوقات کوچہ یار میدان جنگ میں بدل جاتا ہے جب دو عاشق، جنکا یار مشترکہ ہوتا ہے اور جنہیں قانون کی رو سے اس پر برابر کے حقوق حاصل ہوتے ہیں، ایک ہی وقت کوچہ میں یار کی جھلک دیکھنے کے لیے تشریف فرما ہوتے ہیں، حالات کا تقاضا ہے کہ دونوں کو ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردی ہونی چاہیے تھی، لیکن یہ ایک دوسرے کے جانی دشمن بن جاتے ہیں اور وصل کا مزا پانے کے بجائے ہسپتال میں تڑپتے ہوئے دیکھے جا سکتے ہیں، کوچہ یار کے مناظر بڑے دلچسپ اور یادگار ہوتے ہیں، جب کوئی عاشق اپنے خط کو یار تک پہنچانے کے لیے جدید telecommunication، کے بجائے خط کو پتھر سے باندھ کر یار کے کمرے تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے اور وہ یار کے بجائے اغیار کے پاس پہنچ جاتا ہے، بچارے عاشق پر گالیوں کی بوچھاڑ ہو جاتی ہے اور وہ دم دبا کر بھاگ جاتا ہے، اس کوچے میں اکثر عاشق یار کے ہاتھوں مار کھاتے دیکھے جا سکتے ہیں اور بقول شاعر،،

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے تھے لیکن
بہت بے آبرو ہو کے ترے کوچے سے ہم نکلے

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ کوچہ یار میں عاشق اور یار گھنٹوں ایک ہی ٹانگ پر کھڑے محو گفتگو ہوتے ہیں، عام لوگ تو دس منٹ کا سفر بھی پیدل چل کر طے نہیں کر پاتے، لیکن یار ہیں کہ گھنٹوں نہیں تھک جاتے، نہ جانے ان لوگوں کے کون سے ایسے پیچیدہ اور حل طلب مسایل ہوتے ہیں جنہیں یہ سر راہ کھڑے کھڑے حل نہیں کر پاتے، خیر یہی وہ مناظر ہیں جنہیں دیکھنے کے لیے میں ان کوچوں کی سیر کرتا ہوں اور آپ کو بھی ایسا کرنے کی صلاح دیتا ہوں ساتھ میں دعا کرتے رہنا کہ اللہ میاں یاروں کو ان تنگ و تاریک کوچوں سے نکل کر کشادہ میدانوں، اور پھولوں اور پھلوں سے بھرے باغوں میں رہنے کی توفیق عطا فرمائے، اسلیے کہ مناظرہ قدرت کب سے یاروں کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے ترس رہے ہیں،

